سُوْرَۃُ الْاَحْزَابِ (فوجی ٹولیاں)

اضافی معروضی سوالات

اَلدَّرسُ الرَّابِع (الف)

سُوْرَۃُ الْاَحْزَابِ (آیات ۱ تا ۸)

سوال نمبر ۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1۔ سورۃ الاحزاب کہاں نازل ہوئی؟

(الف) مدینہ میں ✓ (ب) مکہ میں

(ج) طائف میں (د) تبوک میں

2۔ سورۃ الاحزاب میں رکوع ہیں۔

(الف) 8 (ب) 9

(ج) 10 ✓ (د) 11

3۔ سورۃ الاحزاب کی کل آیات کی تعداد کیا ہے؟

(الف) 37 (ب) 63

(ج) 73 ✓ (د) 75

4۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر سے کہا مجھ سے ڈرتے رہنا اور کہنا نہ ماننا:

(الف) اپنی بیویوں کا (ب) اپنے صحابہ کا

(ج) کافروں اور منافقوں کا ✓ (د) فرشتوں کا

5۔ غصے میں اپنی بیوی کو ماں کی پشت کے مشابہ کہنا، شریعت میں کہلاتا ہے:

(الف) ظہار ✓ (ب) اظہار

(ج) ایلاء (د) خلع

6۔ اللہ تعالیٰ نے لے پالکوں کو بنایا ہے تمھارے:

(الف) دینی بھائی ✓ (ب) سوتیلے بھائی

(ج) حقیقی بیٹے (د) حقیقی بھائی

7۔ حضرت زیدؓ کا ذکر کس سورت میں آیا ہے:

(الف) بقرہ (ب) الاحزاب ✓

(ج) الانفال (د) الفیل

8۔ مومنو! لے پالکوں کو ان کے:

(الف) اصل والد کے نام سے پکارو ✓ (ب) دادا کے نام سے پکارو

(ج) سوتیلے باپ کے نام سے پکارو (د) ماں کے نام سے پکارو

9۔ اللہ تعالیٰ نے غزوۂ احزاب کے موقع پر مسلمانوں کی مدد کی۔

(الف) پرندوں کی فوج سے (ب) فرشتوں کی فوج سے

(ج) جنات سے (د) ہوا اور فرشتوں کے ذریعے ✓

10۔ غزوۂ احزاب میں کس قبیلے نے بدعہدی کی تھی؟

(الف) بنو نضیر (ب) بنو قریظہ ✓

(ج) بنو قینقاع

(د) ان تینوں میں سے کسی تے بھی نہیں

11۔ خدا نے کسی آدمی کے پہلو میں نہیں بنائے:

(الف) تین دل (ب) دو دل ✓

(ج) چار غدود (د) دو ہاتھ

12۔ جنگ احزاب کا دوسرا نام ہے:

(الف) احد (ب) خندق ✓

(ج) تبوک (د) حنین

13۔ اَدْعِیَآءَ سے کیا مراد ہے؟

(الف) دشمن (ب) منہ بولے بیٹے ✓

(ج) حقیقی بیٹے (د) وارث

14۔ متبنّی کے بارے میں ہدایات کس سورت میں ہیں:

(الف) انفال (ب) احزاب ✓

(ج) ممتحنہ (د) کوثر

15۔ مَسْطُوْرًا سے کیا مراد ہے؟

(الف) دشمن (ب) لکھے ہوئے ✓

(ج) حقیقی بیٹے (د) وارث

16۔ پیغمبر مومنوں پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ زیادہ حق رکھتے ہیں۔

(الف) ان کی اولاد سے (ب) ان کی جانوں سے ✓

(ج) ان کے مال سے (د) ان کے والدین سے

17۔ اَلۡاَحۡزَابُ سے مراد ہے۔

(الف) غنودگی (ب) آزمائش

(ج) گروہ ✓ (د) دنیا کے فائدے

18۔ پیغمبر کی بیویاں مومنوں کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہیں۔

(الف) بہنیں (ب) دادیاں

(ج) مائیں ✓ (د) پھوپھیاں

19۔ اللہ تعالیٰ نے کافروں کے لیے تیار کر رکھی ہے۔

(الف) آگ ✓ (ب) آزادی

(ج) قید (د) سزا

20۔ اللہ دیکھ رہا ہے جو۔

(الف) تم کر رہے ہو ✓ (ب) تم چاہتے ہو

(ج) تمہیں پسند ہے (د) تم رکھتے ہو

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

سوال نمبر 1: اَحۡزَاب کے لفظی معنی کیا ہیں؟

جواب: اَحۡزَاب کا لفظ حِزۡبٌ کی جمع ہے جس کے معنی ہیں گروہ یا جماعتیں۔

سوال نمبر 2: غزوۂ احزاب کب پیش آیا؟

جواب: غزوۂ احزاب شوال ۵ ہجری میں پیش آیا۔

سوال نمبر 3: غزوۂ احزاب کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب: غزوۂ احزاب کا دوسرا نام غزوۂ خندق ہے۔

سوال نمبر 4: خندق کس کے مشورے پر کھودی گئی؟

جواب: خندق حضرت سلیمان فارسیؓ کے مشورے پر کھودی گئی۔

سوال نمبر 5: خندق مدینے کے کس طرف کھودی گئی؟

جواب: خندق مدینے کے شمال کی طرف کھودی گئی۔

سوال نمبر 6: غزوۂ احزاب کا کیا نتیجہ نکلا؟

جواب: قریش اور اس کے اتحادی قبائل کا دس ہزار کا لشکر تقریباً ایک مہینہ مدینے کا محاصرہ کرنے کے باوجود خندق عبور نہ کر سکا اور ایک شدید سرد طوفانی رات میں مایوسی کی حالت میں مشرکین نے فرار ہونے کو ترجیح دی اور مکہ کی طرف روانہ ہو گئے۔ 22 ذی القعدہ ۵ ہجری بدھ کے دن تک لشکرِ کفار میں سے کوئی بھی باقی نہ رہا اور شدید مالی و جانی نقصان کے بعد ان کے ہاتھ کچھ نہ آیا۔ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اجازت دے دی کہ مسلمان محاذ کو چھوڑ کر اپنے گھروں کو

چل دیں۔

سوال نمبر7: سورۃ الاحزاب کے اہم موضوعات کیا ہیں؟

جواب: سورۃ الاحزاب کے اہم موضوعات:

1۔ حضور ﷺ کی عظمت شان اور آپ ﷺ کو کسی بھی قسم کی ایذا پہنچانے کی ممانعت۔

2۔ غزوۂ احزاب پر مکمل تبصرہ۔

3۔ بنو قریظہ کی عہد شکنی اور اس کا انجام۔

4۔ ازواج مطہراتؓ اور ان کی وساطت سے مسلم خواتین کے لیے ستر و حجاب کے احکام۔

5۔ نکاح و طلاق کے مسائل۔

6۔ حضور ﷺ پر درود و سلام اور انسان کے بار امانت اٹھانے کا تذکرہ۔

سوال نمبر8: غزوۂ احزاب میں کفار کے کون سے قبیلوں نے مسلمانوں کے خلاف سب سے زیادہ سرگرم حصہ لیا؟

جواب: بنو نضیر کے یہودیوں نے، قریش مکہ نے ان میں ابو سفیان کی قیادت میں 4000 پیدل فوجی، 300 گھڑ سوار اور 1500 کے قریب شتر سوار (اونٹوں پر سوار) شامل تھے۔ دوسری بڑی طاقت قبیلہ غطفان کی تھی جس کے 1000 سوار انینہ کی قیادت میں تھے۔ اس کے علاوہ بنی مرہ کے 400، بنی شجاع کے 700 اور کچھ دیگر قبائل کے افراد شامل تھے۔

سوال نمبر9: اللہ تعالیٰ نے غزوۂ احزاب میں مسلمانوں کو کس کی پیروی کرنے کا حکم دیا گیا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے غزوۂ احزاب میں مسلمانوں کو پیغمبر ﷺ کی پیروی کرنے کا حکم دیا ہے۔

سوال نمبر10: سورۃ الاحزاب کی ابتداء میں رسول اللہ ﷺ کو کن باتوں کی تلقین کی گئی ہے؟

جواب:

1۔ اللہ سے ڈرتے رہنا۔

2۔ کافروں اور منافقوں کا کہنا نہ ماننا۔

3۔ اور جو تم کو تمہارے پروردگار کی طرف سے وحی کی جاتی ہے اُسی کی پیروی کئے جانا۔

4۔ اور اللہ پر بھروسہ رکھنا۔ اور خدا ہی کارساز کافی ہے۔

سوال نمبر11: منہ بولے بیٹے سے کیا مراد ہے؟

جواب: اگر کوئی شخص کسی دوسرے کے بیٹے کو گود لے لے اور اس کی بیٹے کی طرح پرورش کرے تو اس بچے کو منہ بولا بیٹا کہا جاتا ہے۔

سوال نمبر12: سورۃ الاحزاب میں منہ بولے بیٹوں کے بارے میں کیا ہدایات دی گئی ہیں؟

جواب: آیات میں منہ بولے بیٹوں کے بارے میں مندرجہ ذیل ہدایات دی گئی ہیں:۔

خدا نے کسی آدمی کے پہلو میں دو دل نہیں بنائے اور نہ تمہاری عورتوں کو جن کو تم ماں کہہ بیٹھتے ہو تمہاری ماں بنایا اور نہ تمہارے لے پالکوں کو تمہارے بیٹے بنایا۔ یہ سب تمہارے منہ کی باتیں ہیں اور خدا تو سچی بات فرماتا ہے اور وہی سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔ مومنو! لے پالکوں کو ان کے (اصل) باپوں کے نام سے پکارا کرو۔ کہ خدا کے نزدیک یہی درست بات ہے۔ اگر تم کو ان کے باپوں کے نام معلوم نہ ہوں تو دین میں تمہارے بھائی اور دوست ہیں اور جو بات تم سے غلطی سے ہو گئی ہو اس میں تم پر کچھ گناہ نہیں لیکن جو قصدِ دلی سے کرو (اسی پر مواخذہ ہے) اور خدا بخشنے والا مہربان ہے۔

سوال نمبر13: زمانہ جاہلیت میں لے پالک بیٹوں کے متعلق کیا قانون تھا؟

جواب: ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ کی رسالت سے قبل ایام جاہلیت میں بچوں کو لے پالک بنانے کا طریق معروف تھا۔ جو شخص کسی دوسرے کے بچے کو لے پالک بنالیتا تو پھر بچے کی نسبت اسی کی طرف کی جاتی، وہ اس کا وارث قرار پاتا اور اس کی بیوی اور بچیوں کے پاس بلا روک ٹوک آ جا سکتا تھا اور لے پالک بنانے والے کے لیے اس بچے کی بیوی سے نکاح حرام سمجھا جاتا تھا الغرض تمام امور و معاملات میں منہ بولے بیٹے کو حقیقی بیٹے ہی کی طرح سمجھا جاتا تھا۔

سوال نمبر14: سورۃ الاحزاب میں ظہار سے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: زمانہ جاہلیت میں کوئی شخص اپنی بیوی کو کہہ دیتا کہ تم میری ماں کے مشابہ ہے تو وہ اس کے لیے حرام ہو جاتی تھی۔ اس سورۃ میں اللہ نے فرمایا کہ:۔

ترجمہ: اور نہ تمہاری عورتوں کو جن کو تم ماں کہہ بیٹھتے ہو تمہاری ماں بنایا اور نہ تمہارے لے پالکوں کو تمہارے بیٹے بنایا۔ یہ سب تمہارے منہ کی باتیں ہیں۔

سوال نمبر15: معنی تحریر کیجیے: جَوْفِ اور مَسْطُوْرًا

جواب: جَوْفِ : دھڑ، پہلو۔ مَسْطُوْرًا: لکھا ہوا۔

سوال نمبر16: ترجمہ کیجیے: وَاَعَدَّ لِلْکٰفِرِیْنَ عَذَابًا اَلِیْمًا

جواب: ترجمہ: اور اس نے کافروں کے لئے دکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

سوال نمبر17: ترجمہ کیجیے: یٰاَیُّھَا النَّبِیُّ اتَّقِ اللّٰہَ وَلَا تُطِعِ الْکٰفِرِیْنَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ

جواب: ترجمہ: اے پیغمبر ﷺ خدا سے ڈرتے رہنا اور کافروں اور منافقوں کا کہنا نہ ماننا۔

سوال نمبر18: ترجمہ کیجیے: وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا

جواب: ترجمہ: اور خدا پر بھروسہ رکھنا۔ اور خدا ہی کارساز کافی ہے۔

سوال نمبر19: غزوۂ احزاب میں اہل ایمان کو اللہ کی تائید و نصرت کیسے حاصل ہوئی؟

جواب: غزوہ احزاب میں عرب قبائل مل کر ایک بہت بڑے لشکر کے ساتھ مسلمانوں پر حملہ آور ہوئے لیکن اللہ تعالیٰ نے زور دار آندھی چلائی جس نے کفار کے خیمے اکھاڑ دیئے اور ان کی ہر چیز برباد ہو گئی۔ اس کے علاوہ فرشتوں کی ایسی فوج بھی مسلمانوں کی مدد کر رہی تھی جو کسی کو بھی نظر نہ آ رہی تھی اللہ کی اس تائید و نصرت سے اہل ایمان کو کامیابی ملی۔

سوال نمبر20: سورۃ الاحزاب میں جن انبیاء کے نام ہیں ان میں سے دو تحریر کریں؟

جواب: (1) حضرت نوحؑ (2) حضرت ابراہیمؑ

سوال نمبر21: سورۃ الاحزاب میں جن چار پیغمبروں سے عہد لینے کا ذکر ہے۔ ان کے نام لکھیں۔

جواب: (1) حضرت نوحؑ (2) حضرت ابراہیمؑ

(3) حضرت موسیٰؑ (4) حضرت عیسیٰؑ

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ (ب)

سُوْرَۃُ الْاَحْزَابِ (آیات ۹ تا ۲۰)

سوال نمبر ا: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1۔ اَلْمُعَوِّقِيْنَ سے مراد ہے جہاد میں۔

(الف) مدد دینے والا ✓ (ب) ساتھ دینے والا

(ج) رکاوٹ ڈالنے والے (د) کھانا پکانے والے

2۔ اَنْبَآءِ کا معنی ہے؟

(الف) حکایتیں (ب) خبریں ✓

(ج) مضامین (د) لطیفے

3۔ جب فوجیں تمھارے اوپر اور نیچے چڑھ آئیں تو خوف کے مارے تمھارے دل تمہارے پہنچ گئے۔

(الف) ٹخنوں تک (ب) گلوں تک ✓

(ج) گھٹنوں تک (د) منہ تک

4۔ مدینہ کا پہلا نام تھا۔

(الف) تہران (ب) یزدان

(ج) بغداد (د) یثرب ✓

5۔ اگر لشکر آ جائیں تو تمنا کریں کہ (کاش) ------ میں جا رہیں۔

(الف) مکہ (ب) مدینہ

(ج) گنواروں ✓ (د) طائف

6۔ بُیُوۡتٌ کا معنی ہے:

(الف) گھر ✓ (ب) شعر

(ج) صحرا (د) راز

7۔ جب خوف جاتا رہے تو تیز زبانوں کے ساتھ تمھارے بارے میں ------ کریں۔

(الف) غیبت (ب) چغل خوری

(ج) زبان درازی ✓ (د) بخل

8۔ غزوۂ خندق میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی مدد کے لیے:

(الف) ہوا بھیجی (ب) فرشتے بھیجے

(ج) انبیاء بھیجے (د) ہوا اور فرشتے بھیجے ✓

9۔ مومن کس غزوہ میں آزمائے گئے اور سخت طور پر ہلائے گئے؟

(الف) غزوۂ بدر (ب) غزوۂ تبوک

(ج) غزوۂ احزاب ✓ (د) غزوۂ اُحد

10۔ منافق کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا وعدہ ہے:

(الف) پختہ (ب) مضبوط

(ج) دھوکے کا ✓ (د) سچا

11۔ غزوۂ احزاب کے موقع پر منافقین چاہتے تھے کہ:

(الف) مردانہ وار لڑیں (ب) پیچھے ہٹ جائیں

(ج) فرار ہو جائیں ✓ (د) چھپ جائیں

12۔ اللہ نے غزوۂ احزاب کے موقع پر آزمایا:

(الف) مسلمانوں کو ✓ (ب) یہودیوں کو

(ج) منافقوں کو (د) کافروں کو

13۔ یہودیوں کے کس قبیلے نے قریش کو رسول ﷺ کے خلاف جنگ کرنے کی ترغیب دی:

(الف) بنی قریظہ ✓ (ب) بنو سعد

(ج) بنو ہاشم (د) بنو نضیر

14۔ جُنُوۡدٌ سے کیا مراد ہے؟

(الف) قافلے (ب) گروہ ✓

(ج) ہتھیار (د) کوئی بھی نہیں

15۔ عَوۡرَةٌ کے معنی ہیں؟

(الف) قافلے (ب) گروہ

(ج) ہتھیار (د) کھلا ✓

16۔ جب مومنوں نے لشکروں کو دیکھا تو اس چیز نے بڑھا دیا۔

(الف) طاقت و توانائی ✓ (ب) حوصلہ اور ہمت

(ج) ایمان اور طاقت (د) روح اور جسم کی طاقت

17۔ جہاد میں رکاوٹ ڈالنے والے کو کہتے ہیں۔

(الف) اَلۡاَحۡزَابُ (ب) اَلۡاَعۡرَابِ

(ج) اَلۡمُعَوِّقِيۡنَ ✓ (د) تَمَنَّوۡنَ

18۔ حِدَادٍ کا معنی ہے۔

(الف) تیز ✓ (ب) آہستہ

(ج) دوڑنا (د) نارمل

19۔ اَلۡحَنَاجِرَ کے معنی ہیں۔

(الف) عورتیں (ب) مرد

(ج) گلے ✓ (د) سکارف

20۔ غزوۂ احزاب میں مومن۔

(الف) آزمائے گئے ✓ (ب) ہلائے گئے

(ج) ستائے گئے (د) آزمائے گئے اور ہلائے گئے

21۔ غزوۂ احزاب میں کفار نے مدینہ منورہ پر حملہ کیا۔

(الف) دائیں جانب سے (ب) اوپر اور نیچے سے ✓

(ج) بائیں جانب سے (د) سامنے سے

22۔ یہ کام اللہ کو ہے۔

(الف) آسان ✓ (ب) دور

(ج) مشکل (د) تھکانے والا

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

سوال نمبر 1: ترجمہ لکھیں: وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۔

جواب: ترجمہ: اور جو کام تم کرتے ہو خدا اُن کو دیکھ رہا ہے۔

سوال نمبر 2: اللہ تعالیٰ نے غزوۂ احزاب میں مسلمانوں کی پریشان حالی کا نقشہ کن الفاظ میں کھینچا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ:۔ جب وہ (کفار) تمہارے اُوپر اور نیچے کی طرف سے تم پر چڑھ آئے اور جب خوف کے مارے تمہاری آنکھیں پھر گئیں اور دل (مارے دہشت کے) گلوں تک پہنچ گئے اور تم خدا کی نسبت طرح طرح کے گمان کرنے لگے۔ وہاں مومن آزمائے گئے اور سخت طور پر ہلائے گئے۔

سوال نمبر 3: وَلَا يَأْتُوْنَ الْبَأْسَ اِلَّا قَلِيْلًا کا ترجمہ کیجیے۔

جواب: ترجمہ: اور لڑائی میں نہیں آتے مگر کم۔

سوال نمبر 4: وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا کا ترجمہ کیجیے۔

جواب: ترجمہ: اور یہ لوگ خدا کے سوا کسی کو نہ اپنا دوست پائیں گے اور نہ مددگار۔

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ (ج)

سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ (آیات ۲۱ تا ۲۷)

سوال نمبر۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1۔ نَحْبٌ کا کیا معنی ہے؟

(الف) نذر ✓ (ب) وعدہ

(ج) جھوٹ (د) منافقت

2۔ غزوۂ احزاب میں نامراد لوٹے۔

(الف) یہودی (ب) کفار ✓

(ج) عیسائی (د) منافقین

3۔ تم کو پیغمبر کی پیروی (کرنی) بہتر ہے (یعنی) اس شخص کو جسے خدا (سے ملنے) اور ۔۔۔۔۔۔ (کے آنے) کی اُمید ہو۔

(الف) روز آخرت ✓ (ب) موت

(ج) رحمت (د) غشی

4۔ مومنوں سے بعض ایسے ہیں جو اپنی ۔۔۔۔۔۔۔ سے فارغ ہو گئے ہیں۔

(الف) نمازوں (ب) اُمیدوں

(ج) نذروں ✓ (د) جنگوں

5۔ ظَاهَرُوْهُمْ سے مراد ہے؟

(الف) تم نے ان کی مدد کی (ب) جنہوں نے ان کی مدد کی ✓

(ج) ہم نے ان کی مدد کی (د) میں نے اس کی مدد کی

6۔ اللہ تعالیٰ نے اہل یہود کے دلوں میں ڈال دی:

(الف) نفرت (ب) دہشت ✓

(ج) بھلائی (د) خیر

7۔ اہل کتاب میں سے جنہوں نے کافروں کی مدد کی، اللہ نے انہیں اتار دیا:

(الف) پہاڑوں سے (ب) ان کے گھروں

(ج) ان کے قلعوں سے ✓ (د) ان کی دیواروں سے

8۔ ظَاهَرُوا کا معنی ہے:

(الف) ظاہر ہوا (ب) مدد کی

(ج) مظاہرہ (د) انھوں نے ساتھ دیا ✓

9۔ صَيَاصِيْهِمْ کا معنی ہے:

(الف) ظاہر ہوا (ب) انکی گھڑیاں۔ ان کے قلعے ✓

(ج) ظاہری (د) مظاہرہ

10۔ زَادَ کا معنی ہے:

(الف) کھالیا (ب) ضائع ہو گیا

(ج) کم ہو گیا (د) زیادہ ہو گیا ✓

11۔ غزوۂ احزاب میں نامراد ہو کر لوٹے۔

(الف) یہودی (ب) عیسائی

(ج) کفار ✓ (د) منافقین

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

سوال نمبر 1: ترجمہ کیجیے: لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

جواب: ترجمہ: تم کو پیغمبر خدا کی پیروی (کرنی) بہتر ہے۔

سوال نمبر 2: اہل کتاب میں سے جن لوگوں نے کافروں کا ساتھ دیا ان کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟

جواب: مدینہ کے اندر ایک یہودی قبیلہ بنی قریظہ رہتا تھا جس کے ساتھ مسلمانوں نے امن کا معاہدہ کر رکھا تھا۔ غزوۂ احزاب میں انھوں نے معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کافروں کا ساتھ دیا تھا۔ جب کافروں کے لشکر واپس چلے تو رسول ﷺ نے مسلمانوں کو ان یہودیوں پر حملہ کرنے کا حکم دیا۔ مسلمانوں نے ان کے قلعوں کا محاصرہ کر لیا۔ ان کے بالغ مردوں کو قتل کر دیا اللہ نے ان کی زمین، گھروں اور مال کا مسلمانوں کو وارث بنا دیا۔

سوال نمبر 3: ترجمہ کیجیے: وَ كَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ۔

جواب: ترجمہ: اور اللہ مومنوں کو لڑائی کے بارے میں کافی ہوا۔

سوال نمبر 4: اَوْرَثَ اور تَأْسِرُوْنَ کے معنی لکھیں۔

جواب: اَوْرَثَ : وارث بنایا۔ تَأْسِرُوْنَ: تم اسیر بناتے ہو۔

سوال نمبر 5: ترجمہ کیجیے: وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا

جواب: ترجمہ: اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ (الف)

سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ (آیات ۲۸ تا ۳۴)

سوال نمبر ۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد

دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1۔ تَبَرَّجْنَ کا معنی ہے:

(الف) ناپاکی (ب) زیور

(ج) نذر (د) زینت ✓

2۔ اے عورتو! تمھارے گھروں میں جو اللہ کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں انہیں۔

(الف) فراموش کردو (ب) بھلادو

(ج) یاد رکھو ✓ (د) پس پشت ڈال دو

3۔ ازواج مطہرات کو رب کی طرف سے ارشاد ہوا کہ وہ پروقار طریقے سے ٹھہری رہیں:

(الف) خیموں میں (ب) مسجدوں میں

(ج) حجروں میں (د) گھروں میں ✓

4۔ اے پیغمبر کی بیویو! تم میں سے جو کوئی صریح ناشائستہ حرکت کرے گی، اس کو--------سزا دی جائے گی۔

(الف) دوگنا ✓ (ب) تین گنا

(ج) چار گنا (د) پانچ گنا

5۔ اے (پیغمبر کے) اہل بیت خدا چاہتا ہے کہ تم سے -------- دور کردے۔

(الف) ناپاکی ✓ (ب) مٹی

(ج) غربت (د) امارت

6۔ اے پیغمبر کی بیویو! تم جاہلیت (کے دنوں) میں جس طرح اظہار تجمل کرتی تھیں اس طرح--------نہ دکھاؤ۔

(الف) زینت ✓ (ب) چہرہ

(ج) دولت (د) خوبصورتی

7۔ اَعْتَدْنَا کا معنی ہے۔

(الف) ہم نے بنا کر رکھا ہے (ب) ہم نافرمانی کرتے ہیں

(ج) ہم دیکھتے ہیں (د) ہم نے مہیا (تیار) کر رکھا ✓

8۔ اگر تم پرہیزگار رہنا چاہتی ہو تو (کسی اجنبی شخص سے) -------- باتیں نہ

کرو۔

(الف) اُونچی اُونچی (ب) آہستہ آہستہ

(ج) نرم نرم ✓ (د) تیز تیز

9۔ اللہ تعالیٰ نے رسول ﷺ کو بنا کر بھیجا:

(الف) شاہد و مبشر (ب) بشیر و نظیر

(ج) سراج و منیر (د) یہ سب کچھ ✓

10۔ چھونے سے پہلے طلاق ہو جائے تو مطلقہ کی عدت ہوتی ہے:

(الف) ایک ماہ دس دن (ب) تین ماہ دس دن

(ج) چار ماہ دس دن (د) عدت نہیں ہوتی ✓

11۔ روشن چراغ سے مراد ہیں۔

(الف) حضرت آدمؑ (ب) حضرت ابراہیمؑ

(ج) حضرت محمد ﷺ ✓ (د) حضرت عیسیٰؑ

12۔ تُرْجِیْ کے معنی ہیں۔

(الف) تو مل جا (ب) تو چلا جا

(ج) تو چھپ جا (د) تو علیحدہ ہو رکھ ✓

13۔ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا کا معنی ہے۔

(الف) رات (ب) شام

(ج) صبح و شام ✓ (د) دن

14۔ اے اہل ایمان! اللہ کا بہت ذکر کیا کرو صبح و شام اس کی ــــــــ بیان کرتے رہو۔

(الف) عظمت (ب) بزرگی

(ج) تعریف (د) پاکی ✓

15۔ سِرَاجًا مُّنِيْرًا کا معنی ہے۔

(الف) روشن چراغ ✓ (ب) مفید چراغ

(ج) پرانا چراغ (د) مہنگا چراغ

16۔ اے پیغمبر ﷺ کی بیویو! اپنے گھروں میں۔

(الف) چھپ جاؤ (ب) بیٹھی رہو

(ج) ٹھہری رہو ✓ (د) کام کرتی رہو

17۔ اے امہات المومنینؓ! فرمانبرداری کرو۔

(الف) رسول کی (ب) اللہ تعالیٰ کی

(ج) اللہ تعالیٰ کی اور رسول کی ✓ (د) حکمرانوں کی

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

سوال نمبر 1: اہل بیت سے کون لوگ مراد ہیں؟

جواب: اہل بیت سے مراد آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی ازواج مطہرات، آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی صاحبزادی فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا، آپ کے چچازاد اور داماد حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ان کے صاحبزادے حضرت امام امام حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ شامل ہیں۔

سوال نمبر2: ترجمہ تحریر کیجیے: اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ

جواب: ترجمہ: اگر تم پرہیزگار رہنا چاہتی ہو تو کسی (اجنبی شخص سے) نرم نرم باتیں نہ کیا کرو۔

سوال نمبر3: فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ کا ترجمہ تحریر کیجیے۔

جواب: ترجمہ: نرم نرم باتیں نہ کیا کرو۔

سوال نمبر4: ترجمہ کیجیے: وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا

جواب: ترجمہ: اور یہ (بات) خدا کو آسان ہے۔

سوال نمبر5: ۔ نبی کریم ﷺ کی بیویوں کو گھر میں ٹھہرنے کے ساتھ ساتھ کس بات کی تلقین کی گئی ہے؟

جواب: ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ:۔

اور اپنے گھروں میں ٹھہری رہو اور جس طرح (پہلے) جاہلیت (کے دنوں) میں اظہار تجمل کرتی تھیں اس طرح زینت نہ دکھاؤ۔ اور نماز پڑھتی رہو اور زکوٰۃ دیتی رہو اور خدا اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرتی رہو۔ اے (پیغمبر ﷺ کے) اہل بیت خدا چاہتا ہے کہ تم سے ناپاکی (کا میل کچیل) دور کردے اور تمہیں بالکل پاک صاف کردے۔

سوال نمبر6: ترجمہ کیجیے: يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ

جواب: ترجمہ: اے پیغمبر ﷺ کی بیویو تم اور عورتوں کی طرح نہیں ہو۔

اَلدَّرسُ الخَامِسُ (ب)

سُوْرَةُ الْاَحْزَاب (آیات ۳۵ تا ۴۰)

سوال نمبر ۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1۔ سورۃ الاحزاب میں کس صحابیؓ کا ذکر ہے:

(الف) حضرت زیدؓ بن حارثہ کا ✓ (ب) حضرت بلالؓ کا

(ج) حضرت علیؓ کا (د) حضرت اُسامہؓ کا

2۔ مُبْدِیْ کا معنی ہے۔

(الف) ابتداء کرنے والا (ب) ظاہر کرنے والا ✓

(ج) اختیار (د) تندرستی

3۔ محمد ﷺ تم میں سے کسی کے باپ نہیں:

(الف) مردوں کے ✓ (ب) عورتوں کے

(ج) مخصوں کے (د) مردوں اور عورتوں کے

4۔ وہ کون سے صحابی رسول ہیں جن کا نام قرآن مجید میں آیا ہے؟

(الف) حضرت اُسامہؓ (ب) حضرت بلالؓ

(ج) حضرت علیؓ (د) حضرت زیدؓ بن حارثہ ✓

5۔ حضور ﷺ کے منہ بولے بیٹے تھے:

(الف) حضرت زیدؓ بن حارثہ ✓ (ب) حضرت بلال

(ج) حضرت علیؓ (د) حضرت اُسامہؓ

6۔ حضور ﷺ کی آمد سے تصور اُبھرا:

(الف) قومیت کا (ب) عالمگیریت کا ✓

(ج) ایک قوم کا (د) قبائل کا

7۔ محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی کے ------ نہیں۔

(الف) باپ ✓ (ب) بھائی

(ج) آقا (د) نبی

8۔ خاتم النبیین کس پیغمبر کو کہا جاتا ہے؟

(الف) حضرت محمد ﷺ ✓ (ب) حضرت عیسیٰؑ

(ج) حضرت موسیٰؑ (د) حضرت نوحؑ

9۔ اَلْخِیَرَۃ کا کیا معنی ہے؟

(الف) نفع (ب) خیریت

(ج) اختیار ✓ (د) تندرستی

10۔ جو کوئی خدا اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کرے وہ:

(الف) وہ گنہگار ہوا (ب) صریح گمراہ ہوا ✓
(ج) جہنم میں گیا (د) وہ ہلاک ہوا

11۔ حضرت زیدؓ بن حارثہ کا ذکر کس سورۃ میں آیا ہے؟

(الف) سورۃ الانفال (ب) سورۃ الاخلاص
(ج) سورۃ یٰسین (د) سورۃ الاحزاب ✓

12۔ پیغمبر پر اس کام میں کچھ تنگی نہیں جو خدا نے:

(الف) ان کے لیے مقرر کیا ہے ✓ (ب) انھیں انعام کر دیا
(ج) احسن طریقے سے بتادیا (د) ان میں سے کوئی نہیں

13۔ رسول ﷺ نے کس صحابی کو اپنا متبنیٰ بنایا؟

(الف) حضرت اُسامہؓ (ب) حضرت بلال
(ج) حضرت علیؓ (د) حضرت زیدؓ ✓

14۔ کس صحابی رسول ﷺ کے ساتھ حضرت زینب کی شادی ہوئی؟

(الف) حضرت زیدؓ ✓ (ب) حضرت بلال
(ج) حضرت علیؓ (د) حضرت اُسامہؓ

15۔ اَلْقٰنِتٰتِ سے مراد ہے:

(الف) فرمانبردار عورتیں ✓ (ب) نافرمان عورتیں.
(ج) چرب زبان عورتیں (د) کوئی نہیں

16۔ ظٰاھَرُوْا کے معنی ہیں۔

(الف) انہوں نے ظاہر کیا

(ب) انہوں نے جھگڑا کیا

(ج) انہوں نے غلطی کی

(د) انہوں نے ایک دوسرے کی مدد کی ✓

17۔ منہ بولے بیٹوں کی مطلقہ سے مومن کرسکتے ہیں۔

(الف) کاروبار (ب) نکاح ✓

(ج) بات چیت (د) تجارت

18۔ اَلْمُتَصَدِّقِیْنَ کے معنی ہیں۔

(الف) صدقہ دینے والے ✓ (ب) انکار کرنے والے

(ج) ایمان لانے والے (د) تصدیق کرنے والے

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

سوال نمبر1: سُنَّۃَ اللّٰہِ سے کیا مراد ہے؟

جواب: اس کے لفظی معنی ہیں "اللہ کی سنت یا طریقہ" اس سورت کے تناظر میں اس سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی سنت میں تبدیلی نہیں کرتا بلکہ پہلی قوموں کو نافرمانی کی بناء پر جو سزائیں دی گئیں ان پر بھی وہ طریقہ جاری ہو سکتا ہے۔

سوال نمبر2: معنی تحریر کیجیے: تُخْفِیْ اور مُبْدِیْ

جواب: تُخْفِیْ : تو چھپاتا ہے۔ مُبْدِیْ: ظاہر کرنے والا۔

سوال نمبر6: خَاتَمَ النَّبِیّٖنَ کا کیا مفہوم ہے؟

جواب: اس کا مطلب ہے کہ حضور ﷺ حضرت آدمؑ سے شروع ہونے والے سلسلہ نبوت کی آخری کڑی ہیں۔ اب نبوت کا سلسلہ ختم ہو کر اس پر مہر لگ چکی ہے کہ آپ ﷺ کے بعد کسی بھی قسم کا کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔

سوال نمبر7: درج ذیل آیت میں نبی کریم ﷺ کے حوالے سے بیان کئے گئے دو نکات کی وضاحت کیجیے۔

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ

جواب: محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی کے والد نہیں ہیں بلکہ خدا کے پیغمبر اور نبیوں (کی نبوت) کی مہر (یعنی اس کو ختم کر دینے والے) ہیں اور خدا ہر چیز سے واقف ہے۔

اس قرآنی آیت پہلا نکتہ یہ ہے کہ محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی کے والد نہیں ہیں۔

دوسرا نکتہ یہ بیان ہوا ہے کہ رسول اللہ ﷺ خاتم النبیین ہیں۔

اَلدَّرسُ الخَامِسُ (ج)

سُوْرَۃُ الْاَحْزَابِ (آیات ۴۱ تا ۵۲)

سوال نمبر۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1۔ قرآن میں ہے کہ اے ایمان والو! صبح و شام بیان کرو:

(الف) اللہ کی پاکی ✓ (ب) رسول ﷺ کی تعریف

(ج) اپنے اباؤ اجداد کی تعریف (د) فرشتوں کی تعریف

2۔ جس روز مومن اللہ تعالیٰ سے ملیں گے، اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کے لیے تحفہ ہو گا۔

(الف) نظر کرم کا (ب) درود کا

(ج) سلام کا ✓ (د) جنت کا

3۔ رخصتی سے قبل عورت کو طلاق دینے کی صورت میں اس کی عدت ہے:

(الف) ۲ ماہ (ب) ۳ ماہ

(ج) ۴ ماہ (د) ان میں سے کوئی نہیں ✓

4۔ وہی تو ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی۔۔۔۔۔۔ نکال کر روشنی کی طرف لے جاتے ہیں:

(الف) اندھیروں سے ✓ (ب) گھروں سے

(ج) مسجدوں سے (د) قلعوں سے

5۔ اور مومنوں کو خوشخبری سنا دو کہ ان کے لیے خدا کی طرف سے ہو گا۔

(الف) بڑا کرم (ب) بڑا ثواب

(ج) بڑا اجر ✓ (د) بڑا فضل

6۔ اور کافروں اور منافقوں کا کہنا نہ ماننا اور ان کے تکلیف دینے پر:

(الف) غصے میں نہ آنا (ب) لڑائی نہ کرنا

(ج) ناراض نہ ہونا (د) نظر نہ کرنا ✓

7۔ مومنو! (جب مومن عورتوں سے) نکاح کر کے ان کو ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دے دو تو تم کو کچھ اختیار نہیں کہ ان سے:

(الف) گھر کے کام کرواؤ (ب) عدت پوری کراؤ ✓

(ج) گھر رکھو ✓ (د) ان سے مال واپس لو

8۔ اگر کوئی عورت اپنے آپ کو نبی کے لیے ہبہ کر دے تو:

(الف) جائز نہیں ہے (ب) مہر کی ادائیگی ضروری ہے ✓

(ج) حلال ہے (د) نکاح ضروری ہے

9۔ وہ مدت جس میں عورت کے لیے نکاح کرنا ممنوع ہے کہلاتی ہے:

(الف) چہلم (ب) عدت ✓

(ج) قل خوانی (د) کچھ بھی نہیں

10۔ اے نبی ہم نے آپ کو بھیجا گواہی دینے والا خوشخبری سنانے والا اور ------ بنا کر بھیجا ہے:

(الف) دینے والا (ب) مال دار

(ج) سردار (د) ڈرانے والا ✓

11۔ جَلَابِیْبِ کے معنی ہیں۔

(الف) کپڑے (ب) جوتے

(ج) چادریں ✓ (د) ہاتھ

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

سوال نمبر 1: قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیے:

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا

جواب: ترجمہ: اور مومنوں کو خوشخبری سنا دو کہ ان کے لئے خدا کی طرف سے بڑا فضل ہو گا۔

سوال نمبر 2: قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیے: وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا

جواب: ترجمہ: اور خدا پر بھروسہ رکھنا۔ اور خدا ہی کارساز کافی ہے۔

سوال نمبر 3: يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا کا ترجمہ لکھیں۔

جواب: ترجمہ: اے پیغمبر ﷺ ہم نے تم کو گواہی دینے والا اور خوشخبری سنانے اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔

اَلدَّرسُ السَّادِسُ (الف)

سُوْرَۃُ الْاَحْزَابِ (آیات ۵۳ تا ۵۸)

سوال نمبرا: دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1۔ ایمان والوں کو حکم ہے کہ وہ اپنے پیغمبر کے گھر جا کر انتظار نہ کریں:

(الف) کھانا پکنے کا ✓ (ب) انعامات کا

(ج) کھجوروں کا (د) چائے کا

2۔ ایمان والوں کو حکم ہے کہ جب وہ کھانا کھالیں تو دل لگا کر نہ بیٹھیں:

(الف) مسجد میں (ب) پیغمبر کے گھر میں ✓

(ج) بازار میں (د) اپنے گھر میں

3۔ کھانا کھانے کے بعد پیغمبر کے گھر میں دیر تک بیٹھنے سے پیغمبر کو ہوتی ہے:

(الف) خوشی (ب) راحت

(ج) فرحت (د) اذیت ✓

4۔ اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کی بیویوں سے حرام کیا۔ ہے:

(الف) مسئلہ پوچھنا (ب) بات کرنا

(ج) نکاح کرنا ✓ (د) سلام کرنا

5۔ مومنوں کو حکم ہے جب پیغمبر کی بیویوں سے کوئی چیز مانگیں تو:

(الف) پردے کے پیچھے سے مانگیں ✓ (ب) آواز دے کر مانگیں

(ج) ادب سے جھک کر مانگیں (د) اشارے سے مانگیں

6۔ پردے کے پیچھے سے چیز مانگنا اہل ایمان اور پیغمبر کی بیویوں کے لیے ہے:

(الف) شرم کی بات (ب) مایوسی کی بات

(ج) پاکیزگی کی بات ✓ (د) ظلم کی بات

7۔ مُسْتَاْنِسِیْنَ کا معنی ہے۔

(الف) جی لگاتے ہوئے ✓ (ب) آواز لگاتے ہوئے

(ج) مال لگاتے ہوئے (د) دھیان لگاتے ہوئے

8۔ مومنو! پیغمبر ﷺ کے گھروں میں اسی صورت میں جاؤ جب تمہیں اجازت

دی جائے:

(الف) اندر آنے کی (ب) کھانے کی ✓

(ج) کام کرنے کی (د) صفائی کی

9۔ اور تمہیں شایاں نہیں کہ تم پیغمبر ﷺ کو دو:

(الف) صدقہ (ب) انعام

(ج) مال (د) تکلیف ✓

10۔ مومنوں کو جائز نہیں ہے کہ پیغمبر ﷺ کی رحلت کے بعد ان کی بیویوں سے:

(الف) لین دین کریں (ب) باتیں کریں

(ج) ملاقات کریں (د) نکاح کریں ✓

11۔ اللہ اور اس کے فرشتے پیغمبر ﷺ پر بھیجتے ہیں:

(الف) رحمت (ب) سلام

(ج) کرم (د) درود و سلام ✓

12۔ اور جو لوگ اللہ اور اس کے پیغمبر ﷺ کو رنج پہنچاتے ہیں ان پر اللہ دنیا اور آخرت میں کرتا ہے۔

(الف) لعنت ✓ (ب) مہربانی

(ج) ناراضگی (د) غصہ

13۔ خاتم النبیین ہیں۔

(الف) حضرت محمد ﷺ ✓ (ب) حضرت عیسیٰؑ

(ج) حضرت موسیٰؑ (د) حضرت ابراھیمؑ

14۔ پیغمبر ﷺ پر درود شریف بھیجو کیونکہ آپ ﷺ پر

(الف) فرشتے درود بھیجتے ہیں (ب) پرندے درود بھیجتے ہیں

(ج) شجر و حجر درود بھیجتے ہیں

(د) اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں ✓

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

سوال نمبر 1: پیغمبر ﷺ کی بیویوں سے کوئی چیز مانگنے کا اللہ نے کیا ادب سکھایا ہے؟

جواب: اور جب پیغمبر کی بیویوں سے کوئی سامان مانگو تو پردے کے باہر مانگو۔ یہ تمہارے اور ان کے دونوں کے دلوں کے لئے بہت پاکیزگی کی بات ہے۔

سوال نمبر 2: اللہ تعالیٰ نے ایمان والی عورتوں کو کن سے پردہ نہ کرنے کی اجازت دی ہے؟

جواب: ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ:۔

عورتوں پر اپنے باپوں سے (پردہ نہ کرنے میں) کچھ گناہ نہیں اور نہ اپنے بیٹوں سے اور نہ اپنے بھائیوں سے اور نہ اپنے بھتیجوں سے اور نہ اپنے بھانجوں سے نہ اپنی (قسم کی) عورتوں سے اور نہ لونڈیوں سے۔ اور (اے عورتو) خدا سے ڈرتی رہو۔ بے شک خدا ہر چیز سے واقف ہے۔

سوال نمبر 3: سورۃ احزاب میں کن عورتوں سے نکاح کرنے سے منع کر دیا ہے؟

جواب: حضور ﷺ کی ازواج مطہرات سے نکاح جائز نہیں کیونکہ وہ امت کی مائیں ہیں۔

سوال نمبر 4: نبی ﷺ کو ایذا دینے والوں کے متعلق کیا کہا گیا ہے؟

جواب: جو لوگ خدا اور اس کے پیغمبر ﷺ کو ایذا پہنچاتے ہیں ان پر خدا دنیا اور آخرت میں لعنت کرتا ہے اور ان کے لئے اس نے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

سوال نمبر 5: نبی کریم ﷺ پر درود و سلام بھیجنے والی آیت کا ترجمہ تحریر کیجیے۔

جواب: ترجمہ: خدا اور اس کے فرشتے پیغمبر پر درود بھیجتے ہیں۔ مومنو تم بھی ان پر درود اور سلام بھیجا کرو۔

اَلدَّرسُ السَّادِسُ (ب)

سُوْرَۃُ الْاَحْزَاب (آیات ۵۹ تا ۶۸)

سوال نمبر ۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1۔ جَلَابِيْبِ سے مراد ہے۔

(الف) چادریں ✓ (ب) نقاب

(ج) برقعے (د) دوپٹے

2۔ نَارُ کا معنی ہے۔

(الف) پانی (ب) آگ ✓

(ج) دودھ (د) تیل

3۔ کافر ہمیشہ جہنم میں رہیں گے نہ کسی کو دوست پائیں گے اور نہ۔

(الف) دوست (ب) ساتھی

(ج) حمایتی ✓ (د) مددگار

4۔ کافر قیامت کے دن کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار ہمارے سرداروں کو عذاب دے۔

(الف) دوگنا ✓ (ب) تین گنا

(ج) چار گنا (د) دس گنا

5۔ اور تم تغیر و تبدل نہ پاؤ گے، اللہ کی---------

(الف) رحمت میں (ب) برکت میں

(ج) عادت میں ✓ (د) محبتوں میں

6۔ لوگ آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ دیجیے کہ اس کا علم تو صرف ہے۔

(الف) اولیاء کو ہے (ب) فرشتوں کو ہے

(ج) رسولوں کو ہے (د) اللہ کو ہے ✓

7۔ اللہ نے کافروں پر لعنت کی ہے اور ان کے لیے تیار کر رکھی ہے۔

(الف) سزا (ب) جزا

(ج) جہنم ✓ (د) آگ

8۔ اے ہمارے رب ہم نے اپنے سرداروں اور بڑوں کا کہا مانا انھوں نے ہمیں کر دیا---------

(الف) راستے سے گمراہ ✓ (ب) برباد

(ج) تباہ (د) مرتد

9۔ ایمان والی عورتوں کو حکم ہے کہ جب وہ گھر سے باہر نکلیں تو:

(الف) پردہ کریں ✓ (ب) خوشبو لگائیں

(ج) زیور پہنیں (د) بناؤ سنگھار کریں

10۔ پردہ کرنے کی حکمت یہ ہے کہ پہچان لی جائیں گی۔

(الف) کافر عورتیں (ب) مسلمان عورتیں ✓

(ج) یہودی عورتیں   (د) عیسائی عورتیں

11۔ مدینہ میں مسلمانوں کے خلاف بری خبریں اڑایا کرتے تھے۔

(الف) حاسدین   (ب) مفسدین

(ج) منافقین ✓   (د) عیسائی

12۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اگر مدینہ میں بری خبر پھیلانے والے منافق باز نہ آئے تو پھر وہ رہ نہ سکیں گے۔

(الف) نبی کے پڑوس میں ✓   (ب) اپنے گھروں

(ج) مکہ   (د) خیبر میں

13۔ قیامت آنے کا علم ہے۔

(الف) رسول ﷺ کو   (ب) اولیاء کو

(ج) فرشتوں کو   (د) اللہ کو ✓

14۔ قیامت کے روز کافر کہیں گے کاش ہم نے اطاعت کی ہوتی۔

(الف) اپنے سردار کی   (ب) اپنے علماء کی

(ج) اللہ اور اس کے رسول کی ✓   (د) حضرت عیسیٰ کی

15۔ اَلْمُرْجِفُوْنَ کا معنی ہے۔

(الف) خوشخبری سنانے والے   (ب) افواہیں پھیلانے والے ✓

(ج) اعلان کرنے والے   (د) جھوٹ بولنے والا

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

سوال نمبر 1:   ترجمہ کیجیے: یَسْئَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ

جواب: ترجمہ: لوگ تم سے قیامت کی نسبت دریافت کرتے ہیں۔

سوال نمبر 2:   اَلْمُرْجِفُوْنَ اور یَسْتَحْیِ کے معنی لکھیں۔

جواب: اَلْمُرْجِفُوْنَ : افواہیں پھیلانے والے   یَسْتَحْیِ :وہ شرماتا ہے۔

سوال نمبر 3:   ترجمہ کیجیے: وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا

جواب: ترجمہ: اور تم خدا کی عادت میں تغیر و تبدل نہ پاؤ گے۔

اَلدَّرسُ السَّادِسُ (ج)

سُوْرَۃُ الْاَحْزَابِ (آیات ۶۹ تا ۷۳)

سوال نمبر ا: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1۔ عَرَضْنَا کا معنی ہے:

(الف) حلال (ب) سیدھی بات

(ج) ہم نے پیش کیا ✓ (د) وہ ڈر گئیں

2۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا مومنو! ان لوگوں جیسے نہ ہونا جنہوں نے رنج پہنچایا۔

(الف) حضرت موسیٰؑ کو ✓ (ب) حضرت ابراھیمؑ کو

(ج) حضرت نوحؑ کو (د) حضرت عیسیٰؑ کو

3۔ مومنو! تم ان لوگوں جیسے نہ ہو جانا جنہوں نے موسیٰؑ کو عیب لگا کر پہنچایا۔

(الف) عذاب (ب) ثواب

(ج) رنج ✓ (د) گناہ

4۔ اَشْفَقْنَ کا معنی ہے:

(الف) حلال (ب) سیدھی بات

(ج) ہم نے پیش کیا (د) وہ ڈر گئیں ✓

5۔ قَوْلًا سَدِیْدًا کا معنی ہے:

(الف) حلال (ب) سیدھی بات ✓

(ج) ہم نے پیش کیا (د) وہ ڈر گئیں

6۔ حضرت موسیٰؑ اللہ کے نزدیک تھے:

(الف) نیک (ب) آبرو والے ✓

(ج) شریف (د) عزیز

7۔ مومنو! اللہ سے ڈرو اور ------- بات کرو۔

(الف) سیدھی ✓ (ب) سچی

(ج) بات (د) صحیح

8۔ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں، زمینوں اور پہاڑوں پر کیا چیز پیش کی؟

(الف) خلافت (ب) نبوت

(ج) قرآن کا بار امانت ✓ (د) وحی

9۔ انسان نے بارِ امانت اٹھایا بیشک وہ تھا:

(الف) ظالم و جاہل ✓ (ب) عاقل و بالغ

(ج) ان پڑھ (د) کم فہم

10۔ کس نبی کی قوم بنی اسرائیل تھی؟

(الف) حضرت عیسیٰؑ کی (ب) حضرت موسیٰؑ کی ✓

(ج) حضرت نوحؑ کی (د) حضرت ایوبؑ کی

11۔ سورۃ الاحزاب میں وَجِیْھًا کسے کہا گیا ہے۔

(الف) حضرت موسیٰؑ ✓ (ب) حضرت نوحؑ

(ج) حضرت ابرھیمؑ (د) حضرت عیسیٰؑ

12۔ بار امانت کس نے اٹھایا۔

(الف) حیوانوں نے (ب) انسان نے ✓

(ج) جنات نے (د) فرشتوں نے

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

سوال نمبر 1: حضرت موسیٰؑ کا اللہ کے نزدیک کیا مرتبہ تھا؟

جواب: حضرت موسیٰؑ اللہ کے نزدیک آبرو والے تھے۔ اور اللہ نے انہیں تمام عیبوں سے بَری کر کے عزت بخشی۔

سوال نمبر 2: حضرت موسیٰؑ کو الزام سے کس نے بے عیب ثابت کیا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ کو الزام سے بے عیب ثابت کیا۔

سوال نمبر 3: اللہ تعالیٰ نے بار خلافت کو کس کس پر پیش کیا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے بار خلافت کو آسمانوں، زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا۔

سوال نمبر 4: اللہ تعالیٰ کن لوگوں کو عذاب دے گا اور کن لوگوں پر مہربانی کرے گا؟

جواب: اللہ تعالیٰ منافقین اور مشرکین کو عذاب دے گا اور مومنوں پر مہربانی کرے گا۔

سوال نمبر5: سورۃ الاحزاب میں کس نبی کا ذکر ہے جن کی قوم نے اُنہیں تکلیف پہنچائی تھی؟

جواب: سورۃ الاحزاب میں حضرت موسیٰؑ کا ذکر ہے آپؑ کی قوم نے آپؑ کو جسمانی تکلیف اور ذہنی کوفت پہنچائی تھی جس سے اللہ نے ان کو بَری قرار دے کر عزت بخشی۔

سوال نمبر6: اِنَّا عَرَضۡنَا الۡاَمَانَۃَ عَلَی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ کا ترجمہ کیجیے۔

جواب: ترجمہ: ہم نے (بار) امانت کو آسمانوں، زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا۔

سوال نمبر7: ترجمہ کیجیے: اِتَّقُوا اللّٰہَ وَقُوۡلُوۡا قَوۡلًا سَدِیۡدًا

جواب: ترجمہ: اللہ سے ڈرا کرو اور بات سیدھی کہا کرو۔

سوال نمبر8: اللہ تعالیٰ سیدھی بات کرنے والوں کو کیا انعام دیتا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ بات کرنے والوں کے اعمال درست کر دے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا۔

سوال نمبر9: سورۃ الاحزاب کی روشنی میں بتائیے کہ اللہ نے اپنی امانت کی پیشکش کن کن کو کی۔

یا

اللہ کی طرف سے بار امانت اُٹھانے سے کس کس نے انکار کیا اور پھر کس نے اس بار امانت اُٹھایا؟

جواب: اللہ کی طرف سے بار امانت اُٹھانے سے کو آسمانوں، زمین اور پہاڑوں نے انکار کیا اور پھر اس بار امانت کو انسان نے اُٹھایا۔

سوال نمبر10: ترجمہ کیجیے: ظَلُوۡمًا جَهُوۡلًا

جواب: ترجمہ: ظالم اور جاہل۔